PR NO 06/2024

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے وفد کی وفاقی محتسب سے ملاقات

چیمبر آف کامرس کے مسائل کے حل کے لئے الگ سے پورٹل بنایا جائے گا۔وفاقی محتسب

کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے ہروقت کھلے ہیں۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ چیمبر آف کامرس ہر معاشرے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔کاروباری لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے چیمبر آف کامرس کا الگ سے ایک پورٹل بنایا جائے گا،جس پر آنے والی شکایات اگر متعلقہ ادارے تیس روز میں حل نہیں کریں گے تو وہ خود بخود وفاقی محتسب کو منتقل ہو جائیں گی اور ہم ان پر کارروائی کریں گے۔انہوں نے چیمبر کے لئے ایک فوکل پرسن متعین کرنے کا بھی اعلان کیا۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔وفد میں اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے صدر احسن ظفر بختاوری، سابق صدر ظفر بختاوری، نائب صدر انجینئر اظہر الاسلام، ملک ندیم اختر، چوہدری مقصود تابش، راجہ محمد امتیاز عباسی اور کرنل کامران بیگ شامل تھے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ میری کوشش ہوتی ہے کہ پاکستان کے چیمبرز آف کامرس کے ساتھ رابطہ رہے۔چیمبرز کے ساتھ لاکھوں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔ہم ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ آپ چیمبر کی ایک کمیٹی بنائیں جو ہمیں تحریری طور پر شکایات سے آگاہ کرے، ہم ان کی شکایت کا بھی ازالہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے دروازے عوام کے لئے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں، وہ وفاقی حکومت کے اداروں کے خلاف اپنی شکایات کے ازالے کے لئے وفاقی محتسب سے رجوع کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کے تقریباً200 ادارے اور محکمے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن سے متعلق ایک لاکھ 94 ہزار سے زائد شکایات گزشتہ برس نمٹائی گئیں۔85 فیصد سے زیادہ فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو چکا ہے۔وفاقی محتسب میں ہر شکایت کا فیصلہ ساٹھ دن میں کیا جا رہا ہے، ہمارے ہاں کوئی شکایت زیر التواء نہیں۔وفاقی محتسب نے کہا کہ بزنس کمیونٹی کے حوالے سے چیمبر آف کامرس ایک اہم ادارے کی حیثیت رکھتا ہے۔قبل ازیں اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے وفد کے سربراہ احسن ظفر بختاوری نے میٹنگ کے دوران بتایا کہ چیمبر کے آٹھ ہزار سے زیادہ ارکان ہیں جن کے ایف بی آر اور دیگر اداروں سے مسائل ہوتے ہیں۔آپ ہمارے لئے ایک فوکل پرسن مقرر کر دیں جن سے ہم رابطہ کر سکیں۔وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سے کہا کہ اگر بزنس کمیونٹی کے مسائل حل ہونے لگیں تو ملک معاشی طور پر بہت ترقی کر سکتا ہے۔اس موقع پر چیمبر کے سابق صدر ظفر بختاوری اور دیگر ممبران نے بھی مختلف تجاویز پیش کرتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور عوامی آگاہی کے لئے چیمبر آف کامرس میں وفاقی محتسب کو خطاب کی دعوت دی۔وفاقی محتسب نے کہا کہ آپ بزنس کمیونٹی کے علاوہ عام پبلک کی شکایات بھی ہم تک پہنچا سکتے ہیں جن کے فوری ازالے کے لئے ہمارے 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹر پہلے سے موجود ہیں، جن سے دور دراز کے علاقوں میں رہنے والے لوگ بھی استفادہ کر رہے ہیں۔عنقریب گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بھی علاقائی دفاتر کھول رہے ہیں۔دور دراز قائم کئے گئے ان دفاتر سے عام لوگوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے، ہمارے پاس 99 فیصد غریب لوگ آتے ہیں جو وکیلوں کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔وفاقی محتسب نے وفد کو یقین دلایا کہ آپ اپنی انفرادی شکایات ہمارے پاس بھجیں، ہم قانون کے مطابق ان پر کارروائی کریں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

29 جنوری 2024ء